13619 - روزے کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ استعمال کرنا

سوال

کیا روزے کی حالت میں دانتوں کی صفائی کے لیے ٹوتھ پیسٹ استعمال کرنی جائز ہے، میرے علم کے مطابق اگر ٹوتھ پیسٹ پیٹ میں نہ جائے یعنی اگر اسے نگلا نہ جائے تو اس کا استعمال جائز ہے، آپ سے گزارش ہیکہ اس موضوع میں اپنی رائے کا اظہار فرمائیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فضیلۃ الشیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی سے ٹوتھ پیسٹ استعمال کرنے کے متعلق دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

جس طرح روزے دار کے لیے مسواک کرنا جائز ہے، اسی طرح اگر ٹوتھ پیسٹ میں سے کچھ نگلا نہ جائے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں ...

دیکھیں: فتاوی الشیخ ابن باز (4 / 247).

اور شیخ محمد صالح بن عثیمین رحمہ اللہ کا کہنا ہے:

" اس میں سے یہ بھی نکلتا ہے کہ: کیا روزے دار کے لیے ٹوتھ پیسٹ اور برش استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

جواب:

جائز ہے، لیکن بہتر یہی ہے کہ اسے استعمال نہ کیا جائے، کیونکہ اس میں حلق تك جانے کی قوت ہوتی ہے، ٹوتھ پیسٹ دن کو استعمال کرنے کی بجائے رات کو استمال کر لی جائے"

دیکھیں: الشرح الممتع ابن عثیمین (6 / 407 - 408).

واللہ اعلم .